# اخبارِ اقبالیات

مرتبہ ڈاکٹر وحید عشرت

# گوشہ ہائے اقبالیات کا قیام

اقبال اکادمی پاکستان کے ناظم ڈاکٹر وحید قریشی صاحب کی خصوصی دلچسپی اور توجہ سے ملک بھر کی مختلف یونیورسٹیوں' علمی اداروں اور اہم لائبریریوں میں حکیم الامت علامہ محمد اقبال کے فکر و فلسفہ پر مشتمل کتب کے حوالے سے "گوشہ اقبالیات" قائم کیا گیا ہے ۔ جن لائبریریوں علمی اداروں اور یونیورسٹیوں میں گوشہ اقبالیات قائم کیا گیا ہے ان کے نام یہ ہیں ۔

قائد اعظم اکیڈیمی کراچی' انجمن ترقی اردو کراچی ' غالب لائبریری کراچی' پنجاب یونیورسٹی لاہور' پنجاب پبلک لائبریری لاہور' پنجابی ادبی بورڈ لاہور' نیشنل سنٹر لاہور' حمایت اسلام گرلز کالج گارڈن ٹاون لاہور' پشاور یونیورسٹی پشاور' اورینٹل کالج لاہور۔ قائد اعظم لائبریری لاہور نے گوشہ اقبالیات قائم کرنے سے انکار کر دیا ہے ۔ اس سلسلے میں شعبہ اردو ذکریا یونیورسٹی ملتان' گورنمنٹ کالج فیصل آباد' گورنمنٹ کالج لاہور' سنٹرل لائبریری جامعہ کراچی' بابائے اردو کالج کراچی' گورنمنٹ اسلامیہ کالج سول لائنز لاہور' گورنمنٹ اسلامیہ کالج ریلوے روڈ لاہور اور گورنمنٹ اسلامیہ کالج برائے خواتین کوپر روڈ لاہور سے رابطہ قائم کیا جا رہا ہے کہ وہ بھی اپنے اپنے اداروں کی لائبریری میں گوشہ اقبالیات قائم کریں ۔

اقبال اکادمی کے تعاون سے مندرجہ ذیل اداروں میں خصوصی گوشہ ہائے اقبال قائم ہوئے جہاں اقبال سے متعلقہ کتب بھی رکھی جا رہی ہیں ۔

۱۔ شعبہ اقبالیات' علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ' اسلام آباد

۲۔ سنٹرل لائبریری ' علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی ' اسلام آباد

۳۔ قائد اعظم اکیڈیمی 'کراچی

۴۔ انجمن ترقی اردو 'کراچی

۵۔ غالب لائبریری 'کراچی

۶۔ پنجاب یونیورسٹی ' لاہور

۷۔ پنجاب پبلک لائبریری ' لاہور

۸۔ پنجابی ادبی بورڈ، لاہور

۹۔ نیشنل سنٹر، لاہور

۱۰۔ حمایت اسلام کالج برائے خواتین، لاہور

۱۱۔ پشاور یونیورسٹی، پشاور

۱۲۔ پنجاب یونیورسٹی، شعبہ اقبالیات، لاہور

۱۳۔ گورنمنٹ کالج، فیصل آباد

۱۴۔ گورنمنٹ کالج، لاہور

۱۵۔ اورینٹل کالج، لاہور

۱۶۔ گورنمنٹ اسلامیہ کالج برائے خواتین ۔ کوپر روڈ، لاہور

۱۷۔ گورنمنٹ ایف سی کالج ۔ لاہور

## مشہد یونیورسٹی میں شعبہ اقبالیات کا اجراء

حکومت ایران کی وزارت خارجہ کے ایک نمائندے کی اطلاع کے مطابق مشہد یونیورسٹی میں شعبہ اقبالیات (اقبال شناسی) قائم کیا جا رہا ہے ۔ مشہد یونیورسٹی میں عنقریب ایک اقبال شناسی سیمینار منعقد ہو گا جس میں ایران کے علاوہ دیگر ممالک سے بھی ماہرین اقبالیات شریک ہوں گے ۔ صوبہ خراسان کے گورنر مہندس مفیدی نے پاکستان کے قونصلر جنرل نصر اللہ خان کو بتایا کہ مشہد میں پاکستانی زائرین کے لیے رفاہی سہولتوں کی فراہمی کو مزید بہتر بنایا جا رہا ہے ۔

## ممتاز مصری ماہر اقبالیات ڈاکٹر حسین مجیب مصری عطیہ فیضی کی کتاب " اقبال " کا عربی میں ترجمہ کر رہے ہیں ۔

مصر کے ممتاز ماہر اقبالیات اور دانشور جو عربی میں اقبال پر متعدد کتب کے مصنف ہیں اور اقبال پر کئی بین الاقوامی کانفرنسوں میں شرکت کر چکے ہیں علامہ اقبال کے قیام یورپ کے زمانے کی دوست عطیہ فیضی کی اقبال پر کتاب کا عربی ترجمہ کر رہے ہیں ۔ اقبال اکادمی نے یہ نایاب کتاب فوٹو کاپی کروا کر جامعہ ازہر میں اردو کے استاد محمد ابراہیم کے ہاتھ یہ کتاب انھیں بھجوائی ۔ ڈاکٹر مجیب مصری ۸۰ سال سے اوپر ہو چکے ہیں مگر اقبالیات کے ضمن میں ان کی توانائیاں نوجوان سے بھی زیادہ تیز ہیں ۔

# اقبالیات (ایم فل) علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے تحقیقاتی منصوبے

علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کے شعبہ اقبالیات میں حکیم الامت، مفکر پاکستان علامہ محمد اقبال کی سیرت، سوانح، کتب، افکار اور اقبال سے تعلق رکھنے والے اداروں اور شخصیات پر بھرپور اور ہمہ جہتی تحقیقی کام ہو رہا ہے جس سے اقبال فہمی میں بڑی مدد ملے گی شعبہ اقبالیات نے ایم فل (اقبالیات) کا یہ کام ۱۹۸۷ء سے شروع کیا چند ہی سال میں اس تحقیقی پروگرام نے تحقیق اقبالیات میں ایک نمایاں اور معتبر مقام حاصل کر لیا ہے۔ اب تک تقریباً سوا سو سے اوپر موضوعات تحقیق کے لیے منظور کئے جا چکے ہیں اور محققین کی ایک بڑی تعداد اپنی تحقیق مکمل کر کے ڈگری حاصل کر چکی ہے۔ یہ علمی اور تحقیقی کام اگرچہ بنیادی طور پر صدر شعبہ اقبالیات ڈاکٹر رحیم بخش شاہین کی زیر نگرانی ہو رہا ہے تاہم ملک بھر کے ماہرین اقبالیات، محققین اور دانشور ان مقالات کی نگرانی کے فرائض سرانجام دے رہے ہیں۔ اقبالیات میں یہ واحد تحقیقی کام ہے جو باقاعدہ منصوبہ بندی کے ساتھ پاکستان بھر میں جاری ہے۔ ذیل میں ایم فل اقبالیات کے سکالروں ان کے موضوعات اور ان مقالات کے نگران حضرات کی تفصیل دی جا رہی ہے تاکہ ماہرین اقبالیات اور طلبا استفادہ کر سکیں۔ اقبالیات میں اس سے قبل بھی ایک فہرست چھپ چکی ہے مگر موجودہ فہرست مکمل اور جامع ہے۔

(مرتب)

## علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد

## ایم فل اقبالیات کے موضوعات تحقیق کی فہرست

| نمبر شمار | سکالرز | موضوع | نگران |
|---|---|---|---|
| ۱۔ | شاہد اقبال کامران | اقبال درسیات پاکستان میں | ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی |
| ۲۔ | ارشاد احمد شاکر | اقبال اور دو قومی نظریہ متون اقبال کی روشنی میں | ڈاکٹر محمد ریاض مرحوم |
| ۳۔ | عبدالرشید ملک | اقبال کی مسلم لیگ سے وابستگی | ڈاکٹر محمد رشید |
| ۴۔ | محمد ایوب صابر | اقبال پر معاندانہ کتب کا جائزہ (اردو کتب) | ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی |
| ۵۔ | چوہدری نعمت علی کوکب | علامہ اقبال اور پنجاب کے صوفیاء | ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی |
| ۶۔ | خالد اقبال یاسر | معاصر ادبی تحریکیں اور شعریات اقبال | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۷۔ | سجاد حسین شاہ | علامہ اقبال پر ۱۹۷۶ء تک مطبوعہ سوانحی کتب کا تحقیقی جائزہ | ڈاکٹر ایس معین الرحمان |
| ۸۔ | محمد عرفان | اقبال اور کشمیر | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۹۔ | زاہدہ پروین | اقبال کی شاعری میں ہیئت کے تجربات کی روایت | ڈاکٹر انور محمود خالد |
| ۱۰۔ | خدیجہ یاسمین ملک | اقبال اور سائن کیشن | پروفیسر احمد سعید |
| ۱۱۔ | محمد اقبال | رومانی انگریزی شعراء کے علامہ اقبال پر اثرات | ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی |
| ۱۲۔ | غلام رسول محمد | اقبال اور امکانات مذہب آخری خطبہ کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ | ڈاکٹر وحید اختر عشرت |
| ۱۳۔ | محمد اشفاق چغتائی | علامہ اقبال کا تصور وجود و شہود | پروفیسر ڈاکٹر ابصار احمد |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۱۴۔ | عبدالوحید | بانگ درا حصہ دوم کا تحقیقی مطالعہ مع تعلیقات | ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی |
| ۱۵۔ | افضال احمد انور | علامہ اقبال کی اردو نظم کا ارتقاء | پروفیسر ڈاکٹر احسن زیدی |
| ۱۶۔ | ہارون الرشید تبسم | اقبال بحیثیت نقاد | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۱۷۔ | شمیم اختر | سید عبداللہ بحیثیت اقبال شناس | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۱۸۔ | محمد سعید خان | اقبال اکادمی کی علمی خدمات کا ایک جائزہ | ڈاکٹر خواجہ حمید یزدانی |
| ۱۹۔ | ارشاد فضل احمد | تصانیف اقبال کے پنجابی تراجم کا تحقیقی مطالعہ | ڈاکٹر رحیم بخش شاہین |
| ۲۰۔ | گل زرینہ آفتاب | بانگ درا حصہ اول حواشی و تعلیقات | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۲۱۔ | خورشید احمد شکوری | علامہ اقبال کی سوانح عمریوں کا تحقیقی جائزہ مطبوعہ (۱۹۷۷ء تا ۱۹۸۸ء) | ڈاکٹر معزالدین |
| ۲۲۔ | محمد سہیل عمر | خطبات اقبال نئے تناظر میں | پروفیسر مرزا محمد منور |
| ۲۳۔ | منیر احمد | عبدالوہاب عزام کی اقبال شناسی | ڈاکٹر ظہور احمد اظہر |
| ۲۴۔ | محمد اکرم | علامہ اقبال اور تحریک اتحاد اسلامی متون اقبال کی روشنی میں | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۲۵۔ | محمد قاسم | بال جبریل کی منظومات پر محققانہ حواشی و تعلیقات | ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی |
| ۲۶۔ | محمد حمید کھوکھر | پس چہ باید کرد اور مسافر اردو اور انگریزی منظوم تراجم کا تحقیقی و توضیحی مطالعہ | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۲۷۔ | عبداللہ شاہ | مکاتیب اقبال بنام خان نیاز الدین خان تعلیقات و حواشی | ڈاکٹر رحیم بخش شاہین |
| ۲۸۔ | اکرام اللہ شاہد | علامہ اقبال اور افغانستان، پشتو ادبیات | پروفیسر محمد نواز طائر |

| | | |
|---|---|---|
| | کی روشنی میں | |
| ۲۹۔ ایم اے رشید | علامہ اقبال اور نظریات تاریخ، تنقیدی مطالعہ | ڈاکٹر نور احمد |
| ۳۰۔ محمد سفیان | بانگ درا حصہ سوم، تحقیقی مطالعہ مع تعلیقات | ڈاکٹر صابر کلوروی |
| ۳۱۔ ندیم شفیق ملک | خطبہ الہ اباد : مقدمہ، حواشی، تعلیقات | ڈاکٹر محمد صدیق شبلی |
| ۳۲۔ عبدالجبار شاکر | اقبال کی غیر مدون نثر مع حواشی و تعلیقات | ڈاکٹر رحیم بخش شاہین |
| ۳۳۔ امان اللہ | ڈاکٹر عبدالحمید عرفانی بحیثیت اقبال شناس | ڈاکٹر محمد صدیق شبلی |
| ۳۴۔ احمد سعید منہاس | اقبال کا قیام لاہور (۱۸۹۵ء سے ۱۹۳۸ء تک) | ڈاکٹر آغا یمین خان |
| ۳۵۔ عبدالحق | اقبال اور تحریک خلافت | پروفیسر احمد سعید |
| ۳۶۔ علی تدر نوید کیانی | پیام مشرق کے اردو اور انگریزی تراجم کا تنقیدی مطالعہ | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۳۷۔ رانی ثریا طاہرہ | سید عبدالواحد معینی بطور اقبال شناس | ڈاکٹر معین الدین عقیل |
| ۳۸۔ طفیل محمد گوہر | ضرب کلیم ابتدائی تین حصے تعلیقات و حواشی | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۳۹۔ منیر احمد درانی | ضرب کلیم آخری تین حصے تعلیقات و حواشی | ڈاکٹر محمد ریاض |
| ۴۰۔ قمر النساء | اقبال کی نثر اور شعر کی موضوعاتی تطبیق | ڈاکٹر انور محمود خالد |

| | | | |
|---|---|---|---|
| ۴۱۔ | محمد آصف اعوان | اقبال اور اکبر کی تنقید مغرب کا تحقیقی مطالعہ | ڈاکٹر غلام حسین ذوالفقار |
| ۴۲۔ | نجیبہ ظفر | بال جبریل کی غزلیات و قطعات حواشی و تعلیقات | ڈاکٹر محمد صدیق خان شبلی |
| ۴۳۔ | سید خادم حسین بخاری | حالی پیشرو اقبال | ڈاکٹر محمد اسلم درانی |
| ۴۴۔ | فتح خان | علامہ اقبال اور راس مسعود | ڈاکٹر رحیم بخش شاہین |
| ۴۵۔ | چوہدری بشیر احمد بشیر | اقبال بحیثیت وکیل | ڈاکٹر طاہر تونسوی |
| ۴۶۔ | فاخرہ شیرازی | اقبال اور کتب حکمت حیات | ڈاکٹر محمد معروف |
| ۴۷۔ | اکرام الحق گوہر | اقبال کا شعور جمہوریت | پروفیسر احمد سعید |
| ۴۸۔ | غزالہ ہمایوں | اقبال اور ابن رشد کے ذہنی روابط | ڈاکٹر عبدالخالق |
| ۴۹۔ | محمد بشیر چوہدری | علامہ اقبال کی مرتبہ نصابی کتب ایک تجزیہ | ڈاکٹر وحید قریشی |
| ۵۰۔ | محمد صدیق ظفر حجازی | مجموعہ مکاتیب اقبال جہان دیگر (اردو انگریزی) تعلیقات و حواشی | ڈاکٹر رفیع الدین ہاشمی |
| ۵۱۔ | صفیہ فاروق | رسالہ صوفی منڈی بہاؤ الدین کے مقالات اقبال کا تحقیقی مطالعہ | |
| ۵۲۔ | طاہر مسعود | سر سید احمد خان اور اقبال کے ذہنی روابط | ڈاکٹر آغا سہیل |
| ۵۳۔ | طالب حسین خان اشرف | ملفوظات اقبال: تحقیق و تجزیہ | ڈاکٹر صابر کلوروی |
| ۵۴۔ | محمد اجمل صدیقی | علامہ اقبال اور زرعی معاشیات | ڈاکٹر رفیق احمد |
| ۵۵۔ | قمر اقبال | بانگ درا حصہ سوم (نظم! ارتقا کے بعد) | ڈاکٹر رحیم بخش شاہین |
| ۵۶۔ | زینت الرحمان | پشتو زبان میں اقبال شناسی تحقیق و تنقید | پروفیسر محمد نواز طائر |